MILITARY LANDS & CANTONMENTS DEPTT
CANTONMENT BOARD MURREE HILLS

Tele: 051-9269212 E-mial: cbmurreehills@gmail.com
Pindi Point Murree

No. D-20/III/1490 Dated 9 Oct, 2026

To

The Director (Advertisement),
Press Information Department,
B.F Building Zero Point, Islamabad.

Subject: **MURREE HILLS CANTONMENT PUBLIC NOTICE**

The attached advertisement is forwarded herewith for publication under classified column of advertisement of newspaper according to the requirement specified below.

i.	Date of Publication	on or before 12-10-2026
ii.	Number of insertion	One (01)
iii.	Newspaper (National Dailies)	02 (Urdu) 01 (English)
iv.	Region	Rawalpindi
v.	Language	Urdu & English

2. Please forward bill alongwith tear sheet of newspaper to this office for payment.

Encl: As above

Cantonment Executive Officer
Murree-Hills

Copy to: -

Master File

CamScanner

کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز

ٹھیکہ برائے گروپ لیٹرین فیس (12 یونٹس) واقع جناح روڈ نزد طارق روڈ مری کینٹ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز اپنی تیار شدہ جدید آلات سے مزین گروپ لیٹرین (12 یونٹس) (6 مردانہ و 6 زنانہ) واقع جناح روڈ کی وصولی فیس کا ٹھیکہ کا نیلام عام کرنا چاہتا ہے۔ نیلامی مورخہ 28 اکتوبر ---- بوقت 11 بجے دن دفتر کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز میں ہوگی۔ عدم انعقاد کی صورت میں دوبارہ بولی مورخہ 29 اکتوبر ---- بوقت 11 بجے دن کو ہوگی۔ دلچسپی رکھنے والے افراد/ کمپنیز کو نیلامی میں شرکت کی دعوت دی جاتی ہے۔

شرائط نیلام

۱۔ ہر بولی دہندہ کو بولی سے قبل مبلغ 3,00,000 (تین لاکھ روپے) کال ڈیپازٹ بنام کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر مری ہلز جمع کروانا ہوگی۔

۲۔ ہر بولی دہندہ کو اپنا کمپیوٹرشناختی کارڈ کی فوٹو کاپی موجودہ پتہ وفون نمبر دفتر ہذا میں جمع کروانا ہوگا۔

۳۔ مدت نیلامی ایک سال کے لیے ہوگی۔

۴۔ کامیاب بولی دہندہ کو کل بولی کا 1/4 حصہ فوری طور پر موقع پر جمع کرانا ہوگا۔ ایسا نہ کرنے کی صورت میں جمع شدہ کال ڈیپازٹ ضبط کر لی جائے گی اور بولی منسوخ تصور ہوگی۔

۵۔ کامیاب بولی دہندہ کو بقایا رقم مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد اندر 30 یوم جمع کرانا ہوگی۔ ایسا نہ کرنے کی صورت میں جمع شدہ رقم ضبط کر لی جائے گی اور ٹھیکہ/ بولی منسوخ تصور ہوگی۔

۶۔ کامیاب بولی دہندہ بولی کی منظوری کے بعد اندر 15 یوم کینٹ بورڈ سے تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا۔

۷۔ کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کی مدت کے خاتمہ پر گروپ لیٹرین اپنی اصلی حالت میں کینٹ بورڈ کے حوالے کرنے کا پابند ہوگا۔

۸۔ گروپ لیٹرین 12 یونٹس پر مشتمل ہے جس میں 6 مردانہ اور 6 زنانہ استعمال کے لئے ہے۔ کامیاب بولی دہندہ اس کے استعمال میں کسی بھی صورت تبدیلی کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔

۹۔ دو شفٹوں میں مردانہ لیٹرین میں مرد (سوئپر) اور زنانہ لیٹرین میں عورت (سوئپر) سروس دینے کا/ کی پابند ہوگا/ ہوگی۔ جس کا انتظام ٹھیکیدار خود کرے گا۔

۱۰۔ انٹری الیکٹرانک کارڈ سسٹم کے ذریعہ ہوگی جسے ٹھیکیدار خود لگائے گا۔

۱۱۔ ٹھیکیدار کا عملہ ڈسٹ بینز کو ہر گھنٹے کے بعد صاف کرے گا۔ لیٹرین کو ہر استعمال کے بعد صاف کیا جائے گا۔ مجموعی طور پر ٹھیکیدار لیٹرینوں میں ہر طرح کی صفائی کا اعلیٰ معیار برقرار رکھے گا۔

۱۲۔ ہر سیٹ/ سیٹ کے ساتھ لیکوئیڈ سوپ اور ٹشوز کا انتظام ٹھیکیدار خود کرے گا۔ مزید برآں مردانہ اور زنانہ دونوں سائیڈ پر ایک عدد گیس ہیٹر، برقی مچھر مار آلہ اور پرفیوم ڈسپنسر چلانا ہوگا۔

۱۳۔ کامیاب بولی دہندہ لیٹرین فیس مبلغ -/50 روپے فی کس کے حساب سے وصول کرے گا۔ اگر مقررکردہ نرخ سے زیادہ وصول کرتے ہوئے پایا گیا تو ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا اور جمع شدہ رقم بحق کینٹ بورڈ ضبط کر لی جائے گی۔

۱۴۔ کینٹ بورڈ کا عملہ روزانہ کی بنیاد پر گروپ لیٹرین کا معائنہ کرے گا اور اس میں لگے آلات وغیرہ چیک کرے گا۔ ٹھیکیدار اس میں کسی قسم کا ردوبدل یا توڑ پھوڑ کرتے پایا گیا تو ٹھیکیدار کو اسی وقت جرمانہ عائد کیا جائے گا۔

۱۵۔ ٹھیکیدار روزانہ کی بنیاد پر چیک لسٹ لگانے کا پابند ہوگا جس پر کینٹ بورڈ کا عملہ روزانہ دستخط کرے گا۔

۱۶۔ کامیاب بولی دہندہ کینٹ بورڈ سے NOC لے کر اپنے خرچہ پر بجلی اور پانی کا بندوبست کرنے کا پابند ہوگا۔

۱۷۔ انکم ٹیکس مروجہ قوانین کے تحت لاگو ہوگا۔

۱۸۔ کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز کا نادہندہ بولی میں شرکت کے اہل نہ ہوگا۔

۱۹۔ زیر دستخطی کو ایک یا تمام بولیاں وجہ بتا کر مسترد کرنے کا اختیار حاصل ہے۔

۲۰۔ مزید معلومات دفتری اوقات کار کے دوران یا فون نمبر 051-9269212 پر حاصل کی جا سکتی ہیں۔

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر
مری ہلز